**فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی تبدیلی کا انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے، الطاف حسین**

**انقلاب راتوں رات نہیں آتے، انقلاب کے لئے عوام کو میدان عمل میں کردار ادا کرنا ہوگا**

**جاگیردارانہ نظام، کرپٹ سیاسی کلچر اور لوٹ مار کی سیاست نے ملک کی بقاء وسلامتی کو خطرے میں ڈال رکھا ہے**

**عوامی انقلاب کیلئے ملک بھر کے باشعور عوام کو میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا**

**ایم کیوایم، پاکستان کو لٹیروں سے پاک کر کے ایماندار اور دیانتدار لوگوں کا پاکستان بنانا چاہتی ہے**

**پاکستان کو قومی دولت لوٹنے والے جاگیردار وڈیرے نہیں بلکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ہی بچا سکتے ہیں**

**طلباء وطالبات ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوکر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں**

**پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن ٹیلی فون کرنے والے عوام سے گفتگو**

لندن۔۔۔12، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی تبدیلی کا انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم وجبر اور استحصال زدہ معاشرے میں انقلاب راتوں رات نہیں آتے اور عوامی انقلاب کیلئے ملک بھر کے باشعور عوام کو میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ رابطہ کرنے والے عوام سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ واضح رہے کہ گزشتہ اتوار کی طرح آج بھی دنیا کے مختلف ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے جناب الطاف حسین سے گفتگو کی۔ جناب الطاف حسین سے گفتگو کیلئے مقررہ وقت سے قبل ہی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ٹیلی فون کالوں کا تانتا بندھ گیا جسکے باعث سیکریٹریٹ کی تمام ٹیلی فون لائنیں مسلسل مصروف رہیں۔ جناب الطاف حسین سے گفتگو کرنے والوں میں مختلف مذاہب اور قومیتوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی کارکنان، فنکار، طلبا وطالبات اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے جنہوں نے پاکستان میں کرپشن سے پاک نظام کی تشکیل کے حوالہ سے جناب الطاف حسین کے خیالات کو سراہا اور اس سلسلے میں مختلف تجاویز بھی دیں۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کرنے والے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور پاکستان کو چوروں، اچکوں اور لٹیروں سے پاک کر کے ایماندار اور دیانتدار لوگوں کا ملک بنانا چاہتی ہے۔ ایم کیوایم کی دن رات محنت سے حق پرستی کا پیغام اور عوام میں شعوری بیداری تیزی سے پھیل رہی ہے، فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور ظالمانہ نظام کی تبدیلی کا انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ اب کوئی بھی طاقت عوامی انقلاب کا راستہ نہیں روک سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ حقوق کی جدوجہد کرنا پھولوں کی سیج نہیں بلکہ کانٹوں کی باڑ ثابت ہوتا ہے اور حقوق کی جدوجہد کرنے والوں کو ہر دور میں اسٹیبلشمنٹ اور حکمرانوں کے مظالم کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن جو قوم اور تحریک قربانی کے جذبے کے ساتھ مستقل مزاجی اور ثابت قدمی سے جدوجہد کرتی ہے کامیابی ان کا مقدر ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ اور بوسیدہ جاگیردارانہ نظام، کرپٹ سیاسی کلچر اور لوٹ مار کی سیاست نے ملک کی بقاء وسلامتی کو خطرے میں ڈال دیا ہے، پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے یہ گھر میں بیٹھنے کا نہیں بلکہ میدان عمل میں آکر ملک وقوم کی خدمت کرنے کا وقت ہے کیونکہ پاکستان کو قومی دولت لوٹنے والے جاگیردار وڈیرے نہیں بلکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ہی بچا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کئے گئے تاکہ ملک بھر کے غریب عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھا جاسکے تاہم اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نہ صرف صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے پیغام کو سنا جارہا ہے بلکہ اسے قبول بھی کیا جارہا ہے۔ عوام میں شعوری بیداری کی یہ لہر اس بات کا ثبوت ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور قومی دولت لوٹنے والے چند خاندانوں اور ان کی اجارہ داری کے دن گنے جاچکے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کارکنان کسی بھی تحریک کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں اور ایم کیوایم میں کارکنان کو غلام نہیں سمجھا جاتا بلکہ ان کی عزت کی جاتی ہے اور میرٹ کی بنیاد پر کارکنان کو اسمبلیوں کی رکنیت دی جاتی ہے جبکہ دیگر جماعتوں میں دریاں بچھانے اور نعرے لگانے والے کارکنان کے ساتھ غلاموں سے بدتر سلوک کیا جاتا ہے۔ انہوں نے زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص طلباء وطالبات سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوکر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے ڈھائی گھنٹے سے زائد عرصہ تک عوام سے گفتگو کی۔ اس موقع پر عوام کی جانب سے جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ پیغام اور جدوجہد کو سراہا گیا اور حق پرستانہ جدوجہد میں ہر ممکن کردار ادا کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی۔ مقررہ وقت کے باعث عوام کی بہت بڑی تعداد جناب الطاف حسین سے گفتگو نہ کرسکی۔

## الطاف حسین نے رحمان ملک کو فون کر کے انکی خیریت دریافت کی

## حق پرست عوام رحمان ملک کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔12، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خیالات کا اظہار کیا۔ اتوار کے روز جناب الطاف حسین نے رحمان ملک سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے گزشتہ روز ان کے ساتھ پیش آنے والے حادثہ پر اپنی تشویش ظاہر کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ رحمان ملک کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔ وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک نے خیریت دریافت کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆